BRAMPTON Service and Information Update

سٹی آف برامپٹن نے کووِڈ-19 کے ردعمل میں تمام قبرستانوں کو بند کرنے کا اعلان کر دیا ہے

برامپٹن، آن (7 اپریل 2020) - رہائشیوں اور عملہ کی صحت اور حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے مورخہ 8 اپریل، بروز بدھ سے مؤثر باعمل ہوتے ہوئے تاحکم ثانی برامپٹن کے تمام قبرستان بند رہیں گے۔

انتہائی لازمی سروسز مثلًا دفن کرنے اور دفن کرنے کی جگہوں کی فروخت جیسے کاموں کی اجازت صرف اپوائنٹمنٹ کے ذریعے دی جائے گی۔ رہائشیوں سے گزارش کی جاتی ہے کہ اپوائنٹمنٹ کے لیے 905.874.2997 پر کال کریں۔

بندش کے بارے میں مطلع کرنے کے لیے تمام قبرستانوں کے باہر سائن بورڈ وغیرہ بھی آویزاں کر دیے جائیں گے۔

سٹی آف برامپٹن اپنی برامپٹن سیمِٹری (بمقام 10 ولسن ایویو) کے علاوہ دیگر 25 پائیونیئر سیمِٹریز کو بھی منتظم کرتا ہے۔ برامپٹن کے قبرستانوں کی ایک فہرست یہاں دستیاب ہے۔

کووڈ-19 کے بارے میں سٹی آف برامپٹن کے اقدامات کے حوالے سے تازہ ترین معلومات کے لیے www.brampton.ca/COVID19 ملاحظہ کریں۔

30--

میڈیا کنٹیکٹ

مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 | Monika.Duggal@brampton.ca